نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی سے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں عالمی بینک (World Bank) کے وفد کی ملاقات

زرعی ویلیوایڈیشن اور ہائی ویلیو ایگریکلچر کے فروغ کے لیے عالمی بینک کے تعاون سے اقدامات کیے جائیں گے۔وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور: 29 مئی 2024: وزیراعلیٰ پنجاب زرعی شعبے کی ترقی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہیں۔اس ضمن میں 400 ارب روپے کے کثیر لاگت سے "ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر "پروگرام پر عمل درآمد جاری ہے جس کے تحت کاشتکاروں کو بلاسود زرعی قرضوں کی فراہمی، زرعی مشینری کے فروغ اور دیگرا ہم اقدامات کیے جارہے ہیں۔ان خیالات کا اظہار وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں عالمی بینک کے وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔اس موقع پر عالمی بینک کے مینجر فار ایگریکلچر پاکستان اینڈ انڈیا مسٹراولیور بریڈتھ نے وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کو بتایا کہ عالمی بینک سمارٹ پروگرام کے تحت 2018ء سے اب تک حکومت پنجاب کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے۔عالمی بینک نے اس ضمن میں 229.750 ملین ڈالر کی لاگت سے زرعی شعبے کی ترقی، انفراسٹرکچر اور مارکیٹوں کی بحالی کے لیے اقدامات کیے ہیں۔ان اقدامات کے نتیجے میں پنجاب مارکیٹنگ ریگولیٹری اتھارٹی کا قیام عمل میں لایا گیا اور زرعی مارکیٹوں کی بہتری کے لیے اقدامات کیے گئے۔اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت و لائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ ہم عالمی بینک کے تعاون سے زرعی ویلیوایڈیشن اور انفراسٹرکچر میں بہتری کے لیے اقدامات کے خواہاں ہیں۔اس کے علاوہ عالمی بینک کے تعاون سے لائیوسٹاک میں بہتری کے لیے بھی اقدامات کیے جائیں گے کیونکہ لائیوسٹاک کا شعبہ زرعی شعبے کے کل حصے کا 60 فیصد ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ایک جوائنٹ میگا پروگرام کا جائزہ لے کر منظوری کے لیے صوبائی کابینہ کو پیش کیا جائے گا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ چھوٹے کاشتکاروں کی فلاح کے لیے عالمی بینک کے تعاون سے میگا پروگرام کا جائزہ لیا جائے گا۔عالمی بینک کے تعاون سے زرعی ریسرچ اور توسیع کے شعبوں میں بہتری کے لیے اقدامات کئے جائیں گے۔اس کے علاوہ زرعی انفراسٹرکچر اور ویلیوایڈیشن میں بہتری کے لیے عالمی بینک سے کے تعاون سے سمارٹ ٹو پروگرام کا جائزہ لے کر صوبائی کابینہ سے اس کی منظوری لی جائے گی۔اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت پلاننگ کیپٹن (ر) وقاص رشید، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہدری عبدالحمید، ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب عصمت کاہلوں سمیت ڈائریکٹر محکمہ خوراک شعیب جدون اور دیگر محکموں کے نمائندگان نے شرکت کی جبکہ عالمی بینک سے مینجر فار ایگریکلچر انڈیا اینڈ پاکستان مسٹر اولیور بریڈتھ، ٹاسک ٹیم لیڈر سمارٹ پروگرام مسٹر اولیور ڈیورنڈ اور کرسٹینیا ہمیفر نے شرکت کی۔

☆☆☆☆